Meezan Bank
The Premier Islamic Bank

Best Bank
in Pakistan 2020
Recognized by
Pakistan Banking Awards

March 8, 2021

CS/PSX-16/036/2021

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

**PUBLICATION OF NOTICE OF 25th ANNUAL GENERAL MEETING**
**MEEZAN BANK LIMITED**

Dear Sir,

السّلامُ عَلَيْكُم

Please find attached copies of Notices 25th Annual General Meeting of the Bank published nationwide today, Monday, **March 8, 2021,** in two newspapers namely **The Daily Express** (in urdu) and **"Business Recorder"** in English, instead of "The News" as informed to PSX vide letter No. CS/PSX-16/032/2021 dated March 5, 2021.

You may inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

This is for your information and record.

Yours Sincerely,

**Muhammad Sohail Khan**
Company Secretary

Encls: As above.

Published nationwide today Monday, March 8, 2021 in Business Recorder

Meezan Bank
The Premier Islamic Bank

# Notice of 25th Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 25th Annual General Meeting of the Members of Meezan Bank Limited (the "Bank") will be held Insha-Allah on Monday, March 29, 2021 at 9:30 a.m. at Meezan House C-25, Estate Avenue, SITE, Karachi, Pakistan, (physical and virtual meeting) to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of the 24th Annual General Meeting held on March 26, 2020.
2. To receive, consider and adopt the Annual Audited Accounts of the Bank, Audited Consolidated Accounts for the year ended December 31, 2020 together with the Auditors' Report, Directors' Report and Chairman's Review Report thereon.
3. To appoint auditors of the Bank for the year ending December 31, 2021 and to fix their remuneration. The present auditors, M/s EY Ford Rhodes., Chartered Accountants, retire and being eligible, offer themselves for reappointment.
4. To consider and, if thought fit, approve as recommended by the Board of Directors, final cash Dividend at the rate of Rs. 2 per share i.e. 20% in addition to Rs. 4 per share i.e. 40% interim cash Dividend already declared/paid alongwith 10% Bonus Shares for the year December 31, 2020.

**SPECIAL BUSINESS**

5. To consider and, if deemed fit, approve the Employees Share Option Scheme (ESOS) of the Bank and to pass the following resolutions as Special Resolutions, with or without amendments:

   *"RESOLVED that as recommended by the Board of Director of Meezan Bank Limited, the Employees Share Option Scheme (ESOS) as presented before the shareholders, be and is hereby approved and adopted and the Bank is hereby authorized to implement the ESOS, subject to procurement of regulatory approval(s) required for implementation of ESOS.*

   *RESOLVED FURTHER THAT the Bank's Human Resources, Remuneration and Compensation Committee (Compensation Committee) is hereby authorized to make such modifications to the ESOS as may be directed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan and such modifications (if any) shall also be deemed to have been approved by the shareholders of the Bank through this resolution.*

   *RESOLVED FURTHER THAT the Bank is hereby authorized to issue and allocate 70,736,139 (Seventy Million Seven Hundred and Thirty-Six Thousand and One hundred Thirty-Nine) new ordinary shares of the Bank of Rs. 10 each (representing 5% of the existing paid up share capital of the Bank and which may be adjusted upwards to account for any issuance of shares by way of bonus, rights and/or other than rights) by way of issuing new shares without a rights offering to the existing shareholders of the Bank pursuant to the Section 83 of the Companies Act, 2017.*

   *RESOLVED FURTHER THAT the Chief Executive Officer and/or the Company Secretary of the Bank be and is hereby authorized to, singly, to initiate the regulatory approval process and do all acts, deeds and things, and to sign the required necessary documents in the matter with regard to the ESOS."*

6. To consider and if thought fit, pass the following special resolution, with or without modification, to increase the authorized share capital of the Bank from PKR 25,721,800,000/- to PKR 28,294,400,000 by creation of 2,829,440,000 new ordinary shares of PKR. 10/- each:

   *"RESOLVED THAT the authorized share capital of the Bank be increased from Rs. 25,721,800,000/- (Rupees Twenty-Five Billion Seven Hundred Twenty-One Million Eight Hundred Thousand only) to Rs. 28,294,400,000 (Rupees Twenty Eight Billion Two Hundred Ninety four Million four Hundred Thousand only) subject to completion of all legal formalities and necessary approvals and that the shareholders be and are hereby recommended to approve, as and by way of a special resolution, the amendments in the Memorandum of Association of the Bank for the increase in the authorized share capital, as set out below:*

   *Clause V of the Memorandum of Association be and is hereby amended to read as follows:*

   *"The share capital of the company is Rs. 28,294,400,000 (Rupees Twenty Eight Billion Two Hundred Ninety Four Million Four Hundred Thousand only) divided into 2,829,440,000 (Two Billion Eight Hundred Twenty Nine Million Four Hundred Forty Thousand) ordinary shares of Rs. 10/- each (Rupees ten each) with the power to increase or reduce the capital and to divide the shares in the capital for the time being into several classes."*

   *FURTHER RESOLVED THAT the Chief Executive Officer or Deputy Chief Executive Officer or Company Secretary (the "Authorised Representatives") be and are hereby severally authorized to complete all legal formalities required under the applicable laws, rules, regulations etc. for the increase in the authorized capital of the Bank."*

7. To approve the remuneration paid/payable to the Chairman and Non-Executive Directors of the Bank for the year ended December 31, 2020 for attending Board Meetings and Meetings of the Committees formed by the Board and to approve and ratify the revision to the Director's Remuneration Policy (approved in the 24th Annual General Meeting) and to pass the following resolutions as an ordinary resolutions:

   "Resolved that the remuneration paid / payable to the Chairman and Non-Executive Directors of the Bank for the year ended December 31, 2020 for attending Board Meetings and Meetings of the Committees formed by the Board, as disclosed in note 39 of the Audited Financial Statements of the Bank be and is hereby approved."

   "Further resolved that the following resolution of the Board of Directors of the Bank passed on May 5, 2020 is ratified and approved."

   "RESOLVED that payment of normal fee for attending the Board Meeting through video conference be and is hereby approved, till the time the COVID-19 related travel restrictions exist."

8. To transact any other business with the permission of the Chair.

   Statements under section 134 (3) of the Companies Act, 2017 pertaining to special business are being provided along with the notice of AGM being sent to the shareholder.

By Order of the Board

Karachi
February 18, 2021

**Muhammad Sohail Khan**
Company Secretary

**Notes:**

**i) CLOSURE OF SHARE TRANSFER BOOKS**

The Members' Register will remain closed from March 22, 2021 to March 29, 2021 (both days inclusive). Transfer received at the Share Registrar office, by the close of business on March 19, 2021 will be treated in time for the purpose of entitlement to receive the 20% cash dividend and attend, vote and speak in the Annual General Meeting.

**ii) COVID-19 RELATED CONTINGENCY PLANNING FOR ANNUAL GENERAL MEETING**

- SECP Circular No. 5 of 2020, dated March 17, 2020 requires modification of the usual planning of the Annual General Meeting for the well-being and safety of members. The members are encouraged to attend and vote in the Annual General Meeting via Zoom Link. According, members are requested to get themselves registered by sending their particulars at the designated email address agm@meezanbank.com giving particulars as per the below table by the close of business hours (5:00 PM) on March 24, 2021.

| Name of Shareholders/Proxy | CNIC / Passport No. | Folio No./CDC Participant ID No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

- Link to video connectivity will be sent to the shareholders on their email addresses after necessary verification from the records.
- Shareholders will be able to log-in and participate in the Annual General Meeting proceedings through their smartphones or computer devices.
- The login facility will be opened from 09:00 a.m. till the end of meeting on March 29, 2021 enabling the participants to join the proceedings which will start at 09:30 a.m. sharp, Insha-Allah.
- In addition to the above, Shareholders can also give their suggestions/comments on the proposed agenda of Annual General Meeting by emailing at the designated email address agm@meezanbank.com

iii) Copies of the Minutes of the 24th Annual General Meeting held on March 26, 2020 of Meezan Bank Limited are available for inspection by Members as required under Section 152 of the Companies Act, 2017.

**For Attending the General Meeting:**

- A member entitled to attend the Annual General Meeting may appoint any other member as his/her proxy to attend the meeting through video-link. A proxy form is enclosed.
- In case of individuals, the account holder or sub-accountholder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his identity by showing his original Computerized National Identity Card ("CNIC") or original passport at the time of attending the Annual General Meeting.
- In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Annual General Meeting.

**VIDEO CONFERENCE FACILITY FOR ATTENDING GENERAL MEETINGS**

If the Bank receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 07 days prior to date of Annual General Meeting, the Bank will arrange a video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city.

To avail this facility, a request to be submitted to the registered address of the Bank 07 days before holding of the Annual General Meeting.

**POSTAL BALLOT FACILITY**

In case the Poll is demanded by the shareholders under Section 143 of the Companies Act 2017, the Company shall consider postal Balloting facility for voting, under the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018.

**AVAILABILITY OF ANNUAL ACCOUNTS ON BANK'S WEBSITE**

As required under Section 223 (7) of the Companies Act 2017, audited Financial Statements of the Bank have been uploaded on website of the Bank which can be downloaded from the Bank's website: www.meezanbank.com/financial-information

**TRANSMISSION OF ANNUAL AUDITED FINANCIAL STATEMENTS THROUGH CD:**

The Bank has circulated Annual Financial statements to its members through CD at their registered address. A printed copy of the above referred statements can be provided to members upon request. The request form is available on the website of the Bank and may be accessed by clicking the link https://www.meezanbank.com/wp-content/themes/mbl/downloads/Annual-Report-Request-Form.pdf

**TRANSMISSION OF ANNUAL REPORTS THROUGH E-MAIL:**

The SECP through SRO No. 787(I)2014 and SRO 470(I) of 2016 dated September 8, 2014, and May 31, 2016, respectively has provided an option for shareholders to receive Audited Financial Statements along with the notice of Annual General Meeting electronically through Email/CD/DVD/USB/ in hard copy. Hence, members who are interested in receiving the Annual Reports and notice of Annual General meeting electronically in future are requested to send their email addresses on the consent form placed on the Banks website, to the Bank's Share Registrar.

**THE FOLLOWING CIRCULARS / NOTIFICATIONS REQUIRE SPECIAL ATTENTION OF THE SHAREHOLDERS:**

**PAYMENT OF CASH DIVIDEND THROUGH ELECTRONIC MODE (E-DIVIDEND MANDATE) - MANDATORY**

Under section 242 of the Companies Act, 2017, and Regulation No. 4 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017 it is mandatory for a listed company to pay cash dividend to shareholders only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders.

In order to receive dividend directly into bank account, shareholders whose IBAN are not updated are requested to fill the 'E-Dividend Mandate Form' available on Bank's website and send it duly completed and signed along with a copy of valid CNIC to the Bank's Share registrar, THK Associates (Pvt.) Ltd., Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A. Phase VII, Karachi -75500, Pakistan UAN 111-000-322, (in case of physical shares)

In case shares are held in CDC then the "E-Dividend Mandate Form" must be submitted directly to shareholder(s)'broker/participant/CDC account services.

Shareholders can directly register for e-Dividend Services by visiting CDC Portal: https://eservices.cdcaccess.com.pk/public/index.xhtml

**E-Dividend Mandate Form**

| | |
|---|---|
| Folio Number/CDC Sub Account Number | |
| Name of Shareholder | |
| Title of the Bank Account | |
| International Bank Account Number (IBAN) | |
| Name of Bank | |
| Branch Name, Branch Code, Address | |
| Cell and Landline number | |
| CNIC/ Passport No. (Attach copy) | |
| Signature of Shareholder | |

**SUBMISSION OF VALID CNIC COPY (MANDATORY)**

In terms of Regulation No. 06 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017 read with Section 243(3) of the Companies Act, 2017, listed Companies are entitled to withhold payment of dividend, if shareholders have not provided copies of their valid Computerized National Identity Cards ("CNIC")/ Passport Number as well as complete and valid details of designated bank accounts (IBAN) for direct credit of cash dividend.

The shareholders are therefore requested to submit a copy of their valid CNIC/NTN/Passport Number within ten (10) days from the date of this Notice to the Bank's Registrar and Share Transfer Agent/CDC (as the case may be). In case the same have already been provided, then these instructions may be ignored.

The shareholder while sending CNIC must quote their respective folio numbers and names for identification purpose.

**TAX IMPLICATION ON DIVIDENDS**

The Government of Pakistan has made certain amendments in Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 whereby different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies/banks. These rates are as per law.

To enable the Bank to make tax deduction on the amount of Cash Dividend, all the members whose names are not entered into the Federal Board of Revenue's (FBR), Active Tax-Payers List (ATL), despite the fact that they are tax return filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL, before the date of book closure for cash dividend; otherwise, tax on their cash dividend will be deducted as non-filer.

**TAX ON JOINT SHAREHOLDING**

All shareholders who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of principal shareholder and joint-holder(s) in respect of shares held by them to our Shares Registrar, in writing as follows:

| Folio/CDS | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |

The required information must reach our Shares Registrar by the close of business (5:00 pm) on March 24, 2021 otherwise it will be assumed that the shares are equally held by principal shareholder and joint holder(s) and tax will be deducted according to the proportionate holding of each shareholder as clarified by the FBR vide its clarification letter No. I(54) Exp/2014-132872-R dated September 25, 2014.

**TAX EXEMPTION CERTIFICATE**

Shareholders claiming tax exemption under clause 47(B) of Part IV of the Second Schedule of Income Tax Ordinance, 2001 are requested to provide a valid exemption certificate under section 159 (1) of the Income Tax Ordinance, 2001 latest by March 19, 2021 to our Shares Registrar before the date of Book closure as required vide FBR clarification letter No. 1(43)DG (WHT) / 2008-Vol.II-66417-R dated May 12, 2015.

**INTIMATION OF CHANGE OF ADDRESS AND DECLARATION OF NON-DEDUCTION OF ZAKAT**

Members are requested to immediately notify regarding the change, if any, in their registered and/or e-mail addresses, in writing and their declaration for the non-deduction of Zakat (if applicable), to the Share Registrar and Transfer Agent of the Bank i.e. THK Associates (Pvt.) Ltd., Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A. Phase VII, Karachi -75500, Pakistan, UAN 111-000-322 (in case of Physical scrips) whereas Members/CDC Account holders are requested to contact their CDC Participant/CDC Account Services for the same, but no later than close of business hours (05:00 p.m.) March 24, 2021.

**DEPOSIT OF PHYSICAL SHARES IN CDC ACCOUNT**

As per Section 72 of the Companies Act 2017, every listed company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of this Act, i.e. May 30, 2017.

The Shareholders having physical shareholding are encouraged to open CDC sub-account with any of the brokers or investors Account directly with CDC to place their physical shares into scrip less form, this will facilitate them in many ways, including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Pakistan Stock Exchange.

**UN-CLAIMED DIVIDENDS / SHARES**

The shareholders are hereby informed that in accordance with section 244 of the Companies Act, 2017 and the unclaimed shares, Modaraba certificates, Dividend, other instruments and undistributed Assets Regulations, 2017, the companies are required to deposit cash dividends to the credit of the Federal Government and shares to the Commission, which are undelivered/unclaimed for a period of three (3) years or more from the date it is due and payable.

Published nationwide today Monday, March 8, 2021 in The Daily Express

میزان بینک
پریمیئر اسلامی بینک

# اطلاع برائے 25 واں سالانہ عمومی اجلاس

تمام متعلقہ افراد کو بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میزان بینک لمیٹڈ (''بینک'') کے ممبران کا 25 واں سالانہ عمومی اجلاس (فزیکل اور ورچوئیل اجلاس) انشاء اللہ بروز پیر، 29 مارچ 2021 بوقت صبح 09:30 بجے بمقام میزان ہاؤس، C-25، اسٹیٹ ایونیو، سائٹ، کراچی، پاکستان میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل کارروائی پر عمل درآمد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی**

1- 26 مارچ، 2020 کو منعقدہ 24 ویں سالانہ عمومی اجلاس کی کارروائی کی توثیق۔

2- بینک کے 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، آڈٹ شدہ انضمامی اکاؤنٹس اور ان کے حوالے سے آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کے جائزے کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری۔

3- 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز، میسرز EY فورڈ Rhodes، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس ریٹائر ہوگئے ہیں اور بوجہ اہلیت خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کیا ہے۔

4- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق حتمی نقد ڈیویڈنڈ بحساب 2 روپے فی شیئر یعنی 20 فی صد کی ادائیگی پر غور اور موزوں سمجھے جانے پر منظوری، جبکہ 4 روپے فی شیئر یعنی 40 فیصد عبوری نقد ڈیویڈنڈ مع 10 فیصد بونس شیئر 31 دسمبر، 2020 کو ختم ہونے والے سال کے دوران پہلے ہی منظور / ادا کئے جاچکے ہیں۔

**خصوصی کارروائی**

5- بینک کی ایمپلائیز شیئر آپشن اسکیم (ESOS) پر غور وخوض اور موزوں سمجھے جانے پر اس کی منظوری دینا اور درج ذیل قرارداد کی بطور خصوصی قرارداد ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے منظوری دینا:

''قرار پایا کہ میزان بینک لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق ایمپلائیز شیئر آپشن اسکیم (ESOS)، جیسا کہ شیئر ہولڈرز کے روبرو پیش کی گئی ہے، کی بذریعہ ہٰذا منظوری دی جاتی ہے اور بینک کو بذریعہ ہٰذا ESOS کو نافذ کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے، جو ESOS کے نفاذ کے لئے درکار قانونی منظوری (منظوریوں) سے مشروط ہے۔

**مزید قرار پایا کہ بینک کی ہیومن ریسورس، ریمونریشن اور کمپنسیشن کمیٹی کو بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ESOS میں ایسی ترامیم کرے جن کی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ہدایت کی ہو اور ایسی ترامیم (اگر کوئی ہوں) کو بھی اس قرارداد کے ذریعے بینک کے شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظور شدہ سمجھا جائے گا۔**

**مزید یہ بھی قرار پایا کہ بینک کو بذریعہ ہٰذا کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 83 کے مطابق موجودہ شیئر ہولڈرز کو رائٹس آفرنگ کے بغیر نئے شیئرز کے اجرا کے لئے 10 روپے فی شیئر کے حساب سے بینک کے 70,736,139 (سات کروڑ سات لاکھ چھتیس ہزار ایک سو انتالیس) نئے عمومی شیئر (جو بینک کے موجودہ ادا شدہ حصص کے سرمائے کی 5 فیصد پیشکش ہے اور جسے بونس شیئرز، رائٹ شیئرز اور / یا رائٹ شیئرز کے علاوہ شیئرز کے اجرا کے لئے مزید بڑھایا جاسکتا ہے)، کے اجرا اور تخصیص کا مجاز قرار دیا جاتا ہے۔**

**مزید قرار پایا کہ بینک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور / یا کمپنی سیکریٹری کو بذریعہ ہٰذا انفرادی طور پر ESOS کے سلسلے میں قانونی منظوری کی کارروائی کا آغاز کرنے اور تمام افعال، اموراور اشیاء کی انجام دہی اور تمام ضروری دستاویزات پر دستخط کرنے کا مجاز قرار دیا جاتا ہے''۔**

6- بینک کے منظور شدہ شیئرز کے سرمائے کو -/10 روپے فی شیئر کے 2,829,440,000 نئے شیئرز کے اضافہ کے ذریعے -/25,721,800,000 روپے سے بڑھا کر -/28,294,400,000 روپے کرنے کئے درج ذیل قرارداد کی ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم بطور خصوصی قرارداد کی منظوری دینا:

''قرار پایا کہ بذریعہ ہٰذا بینک کے منظور شدہ شیئرز کے سرمائے کو -/25,721,800,000 روپے (پچیس ارب بہتر کروڑ اٹھارہ لاکھ روپے) سے بڑھا کر -/28,294,400,000 روپے (اٹھائیس ارب انتیس کروڑ چوالیس لاکھ روپے) کرنے کی منظوری دی جاتی ہے جو تمام قانونی تقاضوں کی تکمیل اور لازمی منظوریوں کے حصول سے مشروط ہے اور یہ کہ شیئر ہولڈرز نے بذریعہ ہٰذا بطور خصوصی قرارداد بینک کے منظور شدہ شیئرز کے سرمائے میں اضافے کے لئے بینک کے دستور العمل میں تبدیلی کی تجویز دی ہے، جسے ذیل میں بیان کیا گیا ہے:

کمپنی کے دستور العمل کی شق V میں بذریعہ ہٰذا ترمیم کی جاتی ہے جسے درج ذیل کے مطابق پڑھا جائے:

''کمپنی کا شیئرز کا سرمایہ 28,294,400,000 (اٹھائیس ارب انتیس کروڑ چوالیس لاکھ روپے) روپے بحساب -/10 روپے (دس روپے) فی شیئر کے 2,829,440,000 (دو ارب بیاسی کروڑ چورانوے لاکھ چالیس ہزار) عمومی شیئرز ہے اور کمپنی کو شیئرز کے سرمائے میں اضافے یا کمی اور مخصوص وقت کے لئے شیئرز کے سرمائے کو مختلف درجات میں تقسیم کرنے کا اختیار حاصل ہے''۔

مزید قرار پایا کہ بینک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکریٹری (''مجاز نمائندگان'') کو بذریعہ ہٰذا انفرادی طور پر مروجہ قوانین، قواعد، ضابطوں وغیرہ کے تحت مندرجہ بالا قرارداد کی تکمیل کے لئے تمام ضروری کارروائیاں کرنے کا مجاز قرار دیا جاتا ہے''۔

7- 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے بینک کے چیئرمین اور نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو بورڈ میٹنگز اور بورڈ کی تشکیل کردہ کمیٹیوں کی میٹنگز کے لئے ادا کردہ / قابلِ ادائیگی مشاہرے کی منظوری اور ڈائریکٹرز کے معاوضہ کی پالیسی (جس کی منظوری 24 ویں سالانہ عمومی اجلاس میں دی گئی تھی) کی منظوری اور اس میں تبدیلی کی توثیق اور درج ذیل قرارداد کی بطور عمومی قرارداد منظوری دینا:

''قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے بینک کے چیئرمین اور نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کو بورڈ میٹنگز اور بورڈ کی تشکیل کردہ کمیٹیوں کی میٹنگز میں شرکت پر ادا کردہ / قابل ادائیگی معاوضے کی بینک کی آڈٹ شدہ فائنانشل اسٹیٹمنٹس کے نوٹ 39 کے مطابق اور قرارداد ہٰذا کے ذریعے منظوری دی جاتی ہے۔''

''مزید قرار پایا کہ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 5 مئی، 2020 کو منظور شدہ قرارداد کی توثیق اور منظوری دی جاتی ہے''۔

''قرار پایا کہ بورڈ کے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کے لئے عمومی فیس کی ادائیگی کی اس وقت تک منظوری دی جاتی ہے کہ جب تک COVID-19 کی وجہ سے سفری پابندیاں برقرار ہیں''۔

8- اجلاس کے سربراہ کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی پر غور وخوض۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت خصوصی کارروائی سے متعلق بیان شیئر ہولڈرز کو ارسال کی گئی اطلاع برائے سالانہ عمومی اجلاس میں شامل ہے۔

بحکم بورڈ
**محمد سہیل خان**
کمپنی سیکرٹری

کراچی
18 فروری، 2021

**نوٹس:**

i) **شیئر ٹرانسفر کھاتوں کی بندش**

ممبران کے شیئر ٹرانسفر کے کھاتے 22 مارچ، 2021 سے 29 مارچ، 2021 تک بند رہیں گے (دونوں ایام شامل ہیں)۔ 19 مارچ، 2021 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام سے قبل ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر میں موصول ہونے والے ٹرانسفر 20 فیصد نقد ڈیویڈنڈ کی وصولی اور سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت، ووٹ اور رائے دینے کی اہلیت کے لئے بروقت تصور ہوں گے۔

ii) **سالانہ عمومی اجلاس کے لئے COVID-19 سے متعلق ہنگامی منصوبہ بندی**

- سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 5 مورخہ 17 مارچ، 2020 کے تحت ممبران کی بہتری اور حفاظت کے لئے سالانہ عمومی اجلاس کی مروجہ منصوبہ بندی میں تبدیلی درکار ہے۔ ممبران کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سالانہ عمومی اجلاس میں بذریعہ Zoom لنک شرکت کریں۔ لہٰذا ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے کوائف مقررہ ای میل ایڈریس agm@meezanbank.com پر درج ذیل فہرست کے مطابق 24 مارچ، 2021 کو کاروباری اوقاتِ کار کے اختتام (شام 05:00 بجے) سے قبل ارسال کریں:

| شیئر ہولڈرز / نامزد نمائندہ کا نام | سی این آئی سی / پاسپورٹ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

- وڈیو کانفرنس میں شرکت کے لئے لنک شیئر ہولڈرز کو ان کے ریکارڈ سے ضروری تصدیق کے بعد ان کے ای میل ایڈریسز پر بھیج دیا جائے گا۔
- شیئر ہولڈرز اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے سالانہ عمومی اجلاس میں لاگ ان ہوکر شریک ہوسکیں گے۔
- لاگ ان کی سہولت 29 مارچ، 2021 کی صبح 09:00 بجے سے اجلاس کے اختتام تک کھلی رہے گی اور شرکاء اجلاس کی کارروائی میں شرکت کرسکیں گے جو ٹھیک صبح 09:30 بجے شروع ہوگا۔ انشاءاللہ
- مندرجہ بالا کے علاوہ شیئر ہولڈرز سالانہ عمومی اجلاس کے مجوزہ ایجنڈا آئٹمز پر اپنی تجاویز / آراء مقررہ ای میل ایڈریس agm@meezanbank.com پر ای میل بھی کرسکتے ہیں۔

iii) میزان بینک لمیٹڈ کے 26 مارچ، 2020 کو منعقد ہونے والے 24 ویں سالانہ عمومی اجلاس کی کارروائی کی نقول ممبران کے معائنہ کے لئے دستیاب ہیں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 152 کا تقاضہ ہے۔

**عمومی اجلاس میں شرکت کے لئے:**

- سالانہ عمومی اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا حق دار کوئی بھی ممبر کسی شخص کو اجلاس بذریعہ لنک شرکت کے لئے اپنا نمائندہ مقرر کرسکتا ہے۔
- فردِ واحد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی جاچکی ہیں، وہ نمائندے اجلاس میں شرکت کے وقت اصل فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ("CNIC") یا اصل پاسپورٹ پیش کریں گے۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، سالانہ عمومی اجلاس کے وقت کمپنی کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری / مختار نامہ مع امیدوار کے دستخط کا نمونہ (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)، نامزدگی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا۔

**عمومی اجلاس میں شرکت کے لئے وڈیو کانفرنس کی سہولت:**

اگر بینک کو کسی جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر شیئر ہولڈرز میں سے 10 فیصد یا زائد کی جانب سے اجلاس عام کی تاریخ سے 07 روز قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کے لئے رضامندی موصول ہوجاتی ہے، ایسی صورت میں بینک اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انعقاد کرے گا، جس کا انحصار اس شہر میں اس سہولت کی دستیابی پر ہوگا۔

اس سہولت کے حصول کے لئے سالانہ عمومی اجلاس کے انعقاد سے 07 دن قبل بینک کو اس کے رجسٹرڈ پتہ پر ایک درخواست جمع کروانا ہوگی۔

**پوسٹل بیلٹ کی سہولت:**

اگر کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 143 کے تحت شیئر ہولڈرز کی جانب سے رائے شماری کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو کمپنی ووٹنگ کے لئے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے تحت پوسٹل بیلٹنگ کی سہولت پر غور کرسکتی ہے۔

**سالانہ حسابات کی بینک کی ویب سائٹ پر دستیابی:**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (7)223 کے تقاضوں کے تحت بینک کے سالانہ مالیاتی حسابات بینک کی ویب سائٹ پر جاری کردیئے گئے ہیں جو بینک کی ویب سائٹ www.meezanbank.com/financial-information سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔

**آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کی بذریعہ سی ڈی ترسیل:**

بینک نے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بذریعہ سی ڈی اپنے ممبران کو ارسال کردیئے ہیں۔ مذکورہ حسابات کی طبع شدہ نقل ممبران کو طلب کرنے پر فراہم کی جاسکتی ہے۔ درخواست فارم بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے جس تک رسائی درج ذیل لنک کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہے:
www.meezanbank.com/wp-content/themes/mbl/downloads/Annual-Report-Request-Form.pdf

**سالانہ رپورٹس کی بذریعہ ای میل ترسیل:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے SRO نمبر 2014(I)787 اور SRO نمبر 2016(I)471 بالترتیب مورخہ 8 ستمبر 2014 اور 31 مئی 2016 کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات مع سالانہ عمومی اجلاس کی اطلاع الیکٹرانک ذرائع سے بذریعہ ای میل / سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی / طبعی شکل میں وصول کرنے کا اختیار دیا ہے۔ لہٰذا ایسے ممبران جو مستقبل میں آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور عمومی اجلاس کی اطلاع الیکٹرانک طریقے سے حاصل کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ پر موجود رضامندی کے فارم پر اپنا ای میل ایڈریس بینک کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

**درج ذیل سرکلرز / اطلاعات پر شیئر ہولڈرز کی خصوصی توجہ مطلوب ہے:**

**الیکٹرانک طریقے سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ)۔ لازمی تقاضہ**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کی ریگولیشن نمبر 4 کے تحت لسٹڈ کمپنی کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے اہل شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈز کی ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقے سے براہ راست ان کے مقررہ بینک اکاؤنٹس میں کرے۔

بینک اکاؤنٹس میں براہ راست ڈیویڈنڈ وصول کرنے کے خواہشمند وہ شیئر ہولڈرز جن کا IBAN ابھی تک اپ ڈیٹ نہیں ہوا ہے، ان سے گزارش ہے کہ (فزیکل شیئرز رکھنے کی صورت میں) کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ''ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم'' پُر کرکے اور اس پر دستخط کرکے فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کے ہمراہ بینک کے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی۔ 75500، پاکستان UAN 111-000-322 پر ارسال کریں۔

سی ڈی سی میں شیئر رکھنے کی صورت میں ''ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم'' براہ راست شیئر ہولڈر (ہولڈرز) کی بروکر / پارٹیسپنٹ / سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز میں جمع کروانا لازم ہے۔

شیئر ہولڈرز درج ذیل CDC پورٹل پر وزٹ کرکے ای ڈیویڈنڈ سروسز کے لئے براہ راست رجسٹریشن کرواسکتے ہیں:

https://eservices.cdcaccess.com.pk/public/index

**الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم**

| | |
|---|---|
| فولیو نمبر / سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر کا نام | |
| بینک اکاؤنٹ کا نام | |
| انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر | |
| بینک کا نام | |
| بینک کی برانچ کا نام / پتہ | |
| سیلولر اور لینڈ لائن نمبر | |
| سی این آئی سی / پاسپورٹ (نقل منسلک کریں) | |
| شیئر ہولڈر کے دستخط | |

**فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل جمع کروانا (لازمی تقاضہ)**

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کی شق 6، جسے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)243 کے ساتھ پڑھا جائے، کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کو یہ اختیار حاصل ہے کہ اگر شیئر ہولڈرز نے نقد ڈیویڈنڈ کے براہ راست کریڈٹ کے لئے اپنے فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ("CNIC") / پاسپورٹ کی نقل اور اس کے ساتھ ساتھ مقررہ بینک اکاؤنٹس (IBAN) کی فعال تفصیلات فراہم نہ کی ہوں تو وہ ان کے ڈیویڈنڈز روک سکتی ہیں۔

لہٰذا شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ اس نوٹس کی تاریخ کے دس (10) دن کے اندر اپنے فعال سی این آئی سی / این ٹی این / پاسپورٹ کی نقل بینک کے شیئر رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ / CDC (جیسی بھی صورت ہو) کو جمع کروائیں۔ اگر یہ پہلے ہی جمع کروائی جاچکی ہوں تو ان ہدایات کو نظر انداز کردیں۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ CNIC بھیجتے وقت اپنی شناخت کے لئے اپنا متعلقہ فولیو نمبر اور نام ضرور بھیجیں۔

**ڈیویڈنڈز پر ٹیکس کا نفاذ**

حکومت پاکستان نے انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 میں متعدد ترامیم کی ہیں جن کے ذریعے بینکس / کمپنیز کی جانب سے ادا کئے جانے والے ڈیویڈنڈز پر ٹیکس کٹوتی کی مختلف شرح مقرر کی گئی ہے۔ یہ شرح قانون کے مطابق ہے۔

بینک کو نقد ڈیویڈنڈ کی رقم پر ٹیکس کی کٹوتی کا اہل بنانے کے لئے ایسے تمام ممبران جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں موجود نہیں، اگرچہ وہ ٹیکس ریٹرن فائلر ہیں، ان سے درخواست ہے کہ کیش ڈیویڈنڈ کے لئے کھاتوں کی بندش سے قبل ATL میں اپنے ناموں کی شمولیت یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان کے نقد ڈیویڈنڈ سے ٹیکس کی کٹوتی بطور نان فائلر کرلی جائے گی۔

**مشترکہ شیئر ہولڈنگ پر ٹیکس**

ایسے تمام شیئر ہولڈرز جو شیئرز کی مشترکہ ملکیت رکھتے ہیں ان سے گزارش ہے کہ اپنی ملکیت میں موجود شیئرز کی مناسبت سے مرکزی شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر (ہولڈرز) کی اپنی شیئر ہولڈنگ کی تفصیل درج ذیل کے مطابق تحریری شکل میں ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں:

| فولیو / سی ڈی ایس | کُل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |

مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار کو 24 مارچ، 2021 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام (شام 05:00 بجے) تک موصول ہوجانی چاہئیں، بصورت دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ مرکزی شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر (ہولڈرز) شیئرز کے مساوی حصہ کے مالک ہیں اور ٹیکس ہر شیئر ہولڈر کے مساوی حصہ کے تناسب سے کاٹ لیا جائے گا، جیسا کہ FBR نے اپنے وضاحتی لیٹر نمبر 1(54)Exp/2014/132872-R مورخہ 25 ستمبر، 2014 میں واضح کیا ہے۔

**ٹیکس سے استثنا کا سرٹیفکیٹ**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکنڈ شیڈول کے حصہ IV کی شق (B)47 کے تحت ٹیکس کی کٹوتی سے مستثنیٰ ہونے کا دعویٰ کرنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن (1)159 کے تحت ٹیکس سے استثنا کا فعال سرٹیفکیٹ کھاتوں کی بندش یعنی 19 مارچ، 2021 سے قبل ہمارے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں، جیسا کہ FBR کے وضاحتی لیٹر نمبر 1(43)DG (WHT) / 2008-Vol.II-66417-R مورخہ 12 مئی 2015 کے مطابق درکار ہے۔

**پتہ میں تبدیلی کی اطلاع اور زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا حلف نامہ**

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتہ اور / یا ای میل ایڈریس میں تبدیلی، اگر کوئی ہو، کی تحریری اطلاع اور زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کے لئے اپنا حلف نامہ (اگر اطلاق ہوتا ہو)، بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ یعنی THK ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی۔ 75500، پاکستان UAN 111-000-322 پر (فزیکل شیئرز کی صورت میں) فوری طور پر بھیجیں جبکہ ممبران / CDC اکاؤنٹ ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اس مقصد کے لئے اپنے CDC پارٹیسپنٹ / CDC اکاؤنٹ سروسز سے رابطہ کریں، تاہم یہ معلومات 24 مارچ، 2021 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام (شام 05:00 بجے) سے قبل موصول ہونا ضروری ہیں۔

**فزیکل شیئرز کو سی ڈی سی اکاؤنٹ میں رکھنا**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق ہر حقیقی وجود رکھنے والی کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو اس طریقے سے جو بیان کیا گیا ہو، اور کمیشن کی جانب سے فراہم کی گئی تاریخ سے بک انٹری کی شکل میں رکھنا ہوگا، اور اس عمل کی تکمیل کمپنیز ایکٹ 2017 کے اطلاق کی تاریخ یعنی 31 مئی، 2017 سے چار سال کی مدت کے اندر کرنا ہوگی۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ سے سی ڈی سی میں براہِ راست ذیلی اکاؤنٹ کھلوا کر اپنے شیئرز کو اسکرپ لیس صورت میں رکھ سکتے ہیں۔ یہ عمل ان کے لئے شیئرز کی حفاظت اور ان کی کسی بھی فروخت سمیت کئی اعتبار سے معاون ہوگا، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضابطوں کے تحت فزیکل شیئرز کی فروخت کی اجازت نہیں ہے۔

**لادعویٰ ڈیویڈنڈز / شیئرز**

شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 اور لادعویٰ شیئرز، مضاربہ سرٹیفکیٹس، ڈیویڈنڈز، دیگر انسٹرومنٹس اور Undistributed Assets ریگولیشنز، 2017 کے مطابق کمپنیوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ لادعویٰ رقوم اور انسٹرومنٹس کے واجب الادا ہوجانے کی تاریخ کو تین (3) سال یا زائد کا عرصہ گزر جانے کے بعد نقد ڈیویڈنڈ حکومت پاکستان کو اور شیئرز کمیشن کو جمع کروائیں۔



54cmx6col.